## وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک کی ایم کیوایم کے قائدالطاف حسین سے ٹیلیفون پر گفتگو،عیدالفطر کی مبارکباد پیش کی

## الطاف حسین نے بھی رحمٰن ملک کوعید کی مبارکباد پیش کی اورانکے ذریعے صدر آصف علی زرداری،

## وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کوبھی عیدالفطر کی مبارکباد کا پیغام دیا

## رحمٰن ملک نے سیلاب زدگان کیلئے ایم کیوایم کی جانب سے بڑے پیمانے پر کی جانے والی امدادی سرگرمیوں

## اورعید کے موقع پر متاثرین میں کپڑوں اوردیگر اشیاء کی فراہمی کوسراہا

## حکومت سیلاب کے متاثرین کی بحالی کے لئے تمام تر وسائل کو بروئے کار لائے،تمام پاکستانی متاثرہ بھائیوں کی امداد کیلئے آگے آئیں۔الطاف حسین

## تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کے رہنما،ارکان اسمبلی،عہدیداران وکارکنان سیاسی

## اختلافات کوبالائے طاق رکھتے ہوئے سیلاب زدگان کی مدد کریں۔الطاف حسین

لندن۔۔۔ 10 ستمبر2010ء

وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک نے آج متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین سے ٹیلیفون پر گفتگو کی اورانہیں عیدالفطر کی مبارکباد پیش کی۔ جناب الطاف حسین نے بھی رحمٰن ملک کوعید کی مبارکباد پیش کی اوران کے ذریعے صدر آصف علی زرداری اوروزیراعظم یوسف رضا گیلانی کوبھی عیدالفطر کی مبارکباد کا پیغام دیا۔رحمٰن ملک نے سیلاب زدگان کیلئے ایم کیوایم کی جانب سے بڑے پیمانے پر کی جانے والی امدادی سرگرمیوں اورعید کے موقع پر متاثرین میں کپڑوں اوردیگر اشیاء کی فراہمی کوسراہتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کے کارکنان،رہنما، وزراء،ارکان اسمبلی اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کار جس طرح سیلاب زدگان کی امداد کررہے ہیں وہ قابل تعریف ہے۔ انہوں نے گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد کی جانب سے سیلاب زدگان کیلئے کی جانے والی امدادی سرگرمیوں کی بھی تعریف کی۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ اس وقت حکومت کو چاہیے کہ وہ سیلاب کے متاثرین کی بحالی کے لئے تمام تر وسائل کو بروئے کار لائے۔انہوں نے مزید کہا کہ سیلاب سے بہت بڑے پیمانے پر تباہی آئی ہے لہٰذا تمام پاکستانیوں کو چاہیے کہ وہ اپنے متاثرہ بھائیوں کی امداد کیلئے آگے آئیں اوراپنی اپنی بساط کے مطابق سیلاب زدگان کی مدد کریں۔ جناب الطاف حسین نے تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں سے بھی اپیل کی کہ ان کے رہنما،ارکان اسمبلی،عہدیداران وکارکنان سے بھی اپیل کی کہ وہ سیاسی اختلافات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے سیلاب زدگان کی مدد کریں۔

## الطاف حسین نے عیدالفطر کی نمازلندن کی مقامی مسجد میں ادا کی

لندن۔۔۔10،ستمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے عیدالفطر کی نمازلندن کی مقامی مسجد میں ادا کی۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان اورایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن کے ارکان بھی انکے ہمراہ تھے۔اس موقع پر پاکستان کی ترقی وخوشحالی، پاکستان میں سیلاب سے متاثرہ مصیبت زدہ خاندانوں کی بحالی،حق پرست شہداء کے بلند درجات اورایم کیوایم کے حق پرستانہ پیغام کے فروغ کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں۔بعدازاں جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے ذمہ داران،کارکنان اوردیگر نمازیوں سے عید ملی اورانہیں عیدالفطر کی مبارکباد پیش کی۔

## عیدکی خوشیوں میں مصائب ومشکلات اورقدرتی آفت کا شکارعوام کویادرکھیں،الطاف حسین

## عیدکاتہوارایک ایسے موقع پرآیا ہے جب کروڑوں افرادکھلے آسمان تلےاورخیمہ بستیوں میں کسمپرسی کی زندگی گزارنے پرمجبورہیں

## ایم کیوایم کے ذمہ داران اورکارکنان تحریک کے شہداءاورلاپتہ ساتھیوں کے اہل خانہ کی خبرگیری کریں

## صوبہ سندھ،پنجاب،خیبرپختونخوا،بلوچستان،آزادکشمیر،گلگت بلتستان،خلیجی ممالک سمیت

## ایم کیوایم اوورسیزیونٹوں کے تمام ذمہ داران،کارکنان اورحق پرست عوام کوعیدکی دلی مبارکباد

## عیدالفطرکے موقع پرالطاف حسین کاخصوصی پیغام

لندن۔۔۔10،ستمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان سمیت دنیا بھرمیں مقیم تمام پاکستانیوں کوعیدالفطرکی دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے اپیل کی ہے کہ وہ عیدکی خوشیوں میں مصائب ومشکلات اورسیلاب کی قدرتی آفت کا شکارعوام کویادرکھیں۔عیدالفطرکے موقع پراپنےخصوصی پیغام میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ عیدالفطرخوشی کاتہوار ہےاوراس دن دنیا بھرکے مسلمان خوشی مناتے ہیں۔تاہم یہ تہوارایک ایسے موقع پرآیا ہے جب پاکستان بھرکےعوام سیلاب کی تباہ کاریوں کا شکارہیں،ہولناک سیلاب کے باعث ہزاروں افرادجاں بحق ہوچکے ہیں،ملک بھرمیں ہزاروں گاؤں،گوٹھ اوردیہات زیرآب ہیں اورکروڑوں افرادکھلے آسمان تلےاورخیمہ بستیوں میں بھوک،افلاس اورکسمپرسی کی زندگی گزارنے پرمجبورہیں۔انہوں نے دنیا بھرمیں مقیم پاکستانیوں سے اپیل کی کہ وہ عیدسادگی سے منائیں اورسیلاب سے متاثرہ خاندانوں کوعیدکی خوشیوں میں شریک کرنے کیلئے انکی حتی المقدورمددکریں اورآزمائش کی اس گھڑی میں مصیبت زدہ بھائیوں کی دل کھول کرمددکریں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ پاکستان کودرپیش مشکلات سے نجات دلائے،ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ کرے،ملک وقوم کودہشت گردی سے نجات دلائے اورسیلاب سے متاثرہ خاندانوں کی بحالی کیلئے غیب سے مدد فرمائے۔(آمین)جناب الطاف حسین نے صوبہ سندھ،پنجاب،خیبرپختونخوا،بلوچستان،آزادکشمیر،گلگت بلتستان اورخلیجی ممالک سمیت ایم کیوایم اوورسیزیونٹوں کے تمام ذمہ داران،کارکنان اورحق پرست عوام کوعیدکی دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان پرزوردیا کہ وہ عیدالفطرکے موقع پرتحریک کے شہداءاورلاپتہ ساتھیوں کویادرکھیں،انکے لواحقین کی خبرگیری کریں،ان کی ہرممکن دلجوئی کریں اورتحریک کے پیغام اورمشن ومقصدکے فروغ کیلئے اپنا بھرپورکردارادا کریں۔

## ایم کیوایم یوکے کارکنوں،بزرگوں اوربچوں نے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ پہنچ کرایم کیوایم کے قائدجناب الطاف حسین کوعیدالفطرکی مبارکباد پیش کی

لندن۔۔۔ 10 ستمبر2010ء

لندن میں عیدالفطرکی نمازکے بعدایم کیوایم یوکے کارکنوں،بزرگوں اوربچوں نے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ پہنچ کرایم کیوایم کے قائدجناب الطاف حسین سے ملاقات کی اورانہیں عیدالفطرکی مبارکباد پیش کی۔جناب الطاف حسین نے بھی تمام کارکنوں،ہمدردنوجوانوں،بزرگوں اوربچوں کوعیدکی مبارکباد پیش کی اورانہیں دعائیں دیں۔جناب الطاف حسین نے سیلاب زدگان کیلئے امدادی سامان اورعطیات جمع کرنے پریوکے یونٹ کے کارکنوں کوزبردست خراج تحسین اورشاباش پیش کی۔

## قائدتحریک الطاف حسین کی ہدایت پر ملک بھر کے ہزاروں سیلاب متاثرین کوعید کی خوشیوں میں شریک کرنے کیلئے
## نئے ملبوسات، جوتے جوتیاں، مہندی، شیرخورمے کا سامان، غذائی اجناس اور عید گفٹ تقسیم کئے گئے
## ٹھٹھہ، لودھراں، راجن پور، کوٹ ادو، جتوئی، شہرسلطان، ضلع نیلم، گلت بلتستان سمیت ملک بھر کے سیلاب متاثرین کوعید کی خوشیوں میں شریک کیا گیا
## سیلاب متاثرین جذبات پر قابو نہ رکھ سکے، آنسو جاری ہوگئے، ایم کیوایم کے رہنماؤں سے اظہار تشکر، قائدتحریک کیلئے دعائیں

کراچی۔۔۔10، ستمبر 2010ء

قائدتحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر عیدالفطر کے موقع پر ملک بھر کے سیلاب متاثرین کوعید کی خوشیوں میں شریک کرنے کیلئے ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت ہزاروں سیلاب متاثرین میں نئے ملبوسات، چوڑیاں، شیرخورمے کا مکمل سامان اور غذائی اجناس فراہم کی گئیں اور عید گفٹ تقسیم کئے گئے ۔تفصیلات کے مطابق اندرون سندھ کے ضلع ٹھٹھہ کے شہر گھارو میں سیلاب متاثرین کوعیدالفطر کی خوشیوں میں شریک کرنے کیلئے ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت بڑے پیمانے پر انتظامات کئے گئے ہیں اور گھارو میں سیلاب متاثرین کیلئے ایم کیوایم کے تحت قائم کی گئی خیمہ بستی کے نزدیک ٹینٹ لگا کر بڑا اسٹال لگایا گیا تھا۔عید گفٹ اسٹال سے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی اور حق پرست رکن سندھ اسمبلی ہیر سوہو نے ہزاروں سیلاب متاثرین اور ان کے بچوں بچیوں میں نئے ملبوسات، سینڈلیں، جوتیاں، جوتے، مہندیاں اور عید گفٹ تقسیم کیے جبکہ انہوں نے خیمہ بستی کے خیموں میں جا کر ضعیف سیلاب متاثرین مرد وخواتین میں نئے ملبوسات اور عید گفٹ بھی تقسیم کئے ۔سیلاب متاثرین کوعید کی خوشیوں میں شریک کرنے کیلئے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا نے ملتان کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں کوٹ ادو، جتوئی اور شہر سلطان جا کر سیلاب متاثرین اور ان کے بچوں میں نئے ملبوسات اور عید گفٹ تقسیم کئے اسی طرح حق پرست رکن قومی اسمبلی سید آصف حسنین نے سیلاب سے متاثرہ علاقے راجن پور کا دورہ کیا اور سیلاب متاثرین اور ان کے بچوں کو قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب نئے ملبوسات دیئے، راشن تقسیم کیا اور عیدی دی۔لودہراں میں حق پرست رکن قومی اسمبلی ساجد احمد نے سیلاب متاثرین کوعید کی خوشیوں میں شریک میں رکھا اور ان میں قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے بھاری مالی کی نقد رقوم تقسیم کیں۔آزادکشمیر کے ضلع نیلم کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں کشن، کنڈل شاہی، لوات، شارہ اور کہمل کے سیلاب متاثرین کوعید کی خوشیوں میں شریک کرنے کیلئے ایم کیوایم آزادکشمیر کے تحت نئے ملبوسات، غذائی اجناس کے پیکٹ اور دیگر امدادی سامان روانہ کر دیا گیا ہے جو عیدالفطر کے موقع پر متاثرین میں تقسیم کی جائے گا۔اس کے علاوہ ایم کیوایم کے تحت لاڑکانہ دادو، سکھر، حیدرآباد، بدین، صوبہ پنجاب، صوبہ سرحد، صوبہ بلوچستان، گلگت بلتستان اور آزادکشمیر کے سیلاب متاثرین میں عید گفٹ اور نئے ملبوسات تقسیم کئے گئے ۔اس موقع پر بعض سیلاب متاثرین اپنے جذبات پر قابو نہ رکھ سکے اور ان کی آنکھو سے آنسو جاری ہوگئے ۔انہوں نے عید کی خوشیوں میں شریک کرنے پر ایم کیوایم کے رہنماؤں سے دلی تشکر کا اظہار کیا اور قائدتحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت و تندرستی کیلئے دعائیں کیں۔

## امریکہ میں پاکستانی نژادڈاکٹروں کے وفد نے بھاری مالیت کی ادویات کے 2 ٹرک خدمت خلق فاؤنڈیشن کوسیلاب متاثرین کیلئے عطیہ کئے

کراچی۔۔۔10، ستمبر 2010ء

امریکہ میں پاکستانی نژادڈاکٹروں کے ایک وفد نے سیلاب زدگان کی امداد کیلئے بھاری مالیت پر مشتمل ادویات کے 2 ٹرک ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کو عطیہ کئے ۔وفد کی سربراہی ڈاکٹر نوید کر رہے تھے اور انہوں نے ادویات کے ٹرک خدمت خلق فاؤنڈیشن کے ڈائریکٹر آپریشنل سلیم انصاری کے حوالے کئے ۔ڈاکٹر نوید نے سیلاب زدگان کے لئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی طبی اور امدادی سرگرمیوں کو سراہا اور اسے بڑا کار خیر قرار دیا۔انہوں نے کہا کہ سیلاب زدگان کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے عملی کام کو دیکھ کر یہ فیصلہ کیا گیا کہ سیلاب متاثرین کیلئے بھاری مالیت کی ادویات خدمت خلق فاؤنڈیشن کو عطیہ کی جائیں تاکہ متاثرین بروقت علاج ومعالجہ کی سہولیات سے مستفید ہوسکیں ۔اس موقع پر سلیم انصاری نے امریکہ میں پاکستانی نژادڈاکٹروں کی جانب سیلاب زدگان کیلئے ملنے والی اس امداد پر قائدتحریک جناب الطاف حسین اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے دلی اظہار تشکر کیا اور ان کے جذبہ کو سراہا۔

## ریلوے کرایوں میں 15 فیصد تک اضافے کی منظوری غریب مسافروں پر مہنگائی کا مزید بوجھ ڈالنے کے مترادف ہے، ارکان قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔10، ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے ریلوے کے کرایوں میں 15 فیصد تک اضافے کی منظوری دینے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس اضافے کو ریلوے کے غریب مسافروں پر مہنگائی کا مزید بوجھ ڈالنے کے مترادف قرار دیا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ایک مرتبہ پھر کرایوں میں اضافہ کا بوجھ ریلوے کے غریب مسافروں پر ڈالنا سراسر ظلم ہے اور مہنگائی کے دور میں عوام سے سفر کی سستی سہولیات چھیننے کے مترادف ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ ارکان قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ ریلوے کے کرایوں میں 5 سے 15 فیصد تک اضافہ فی الفور واپس لیا جائے اور ملک بھر میں ریلوے کی سستی سفری سہولت کی بحالی کیلئے محکمہ ریلوے میں مثبت اور عملی اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

## ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی، حق پرست وزراء، اراکین پارلیمنٹ، ذمہ داران وکارکنان عید الفطر سیلاب متاثرین کے ساتھ منائیں گے

کراچی۔۔۔10، ستمبر 2010ء

قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین، حق پرست وزراء، حق پرست اراکین سینیٹ وقومی وصوبائی اسمبلی، ایم کیو ایم کے ذمہ داران اور کارکنان عید الفطر سیلاب متاثرین کے ساتھ منائیں گے۔ تفصیلات کے مطابق عید الفطر کے موقع ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی اور اراکین پارلیمنٹ کراچی، اندرون سندھ، صوبہ پنجاب، سرحد، بلوچستان، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر میں عید الفطر کی نمازیں سیلاب متاثرین کے ساتھ ادا کریں گے اور عید الفطر ان کے ساتھ منائیں گے تاکہ ان کی مکمل دلجوئی اور خیال رکھا جاسکے۔

## ایم کیو ایم راولپنڈی زون کے زونل انچارج زاہد ملک کو دھمکیاں دینے والے دہشت گردوں کو گرفتار کیا جائے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔10، ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم راولپنڈی زون کے زونل انچارج زاہد ملک کو مسلح افراد کی جانب سے سنگین نتائج کی دھمکیاں دینے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ زاہد ملک اسلام آباد میں اپنی گاڑی میں جارہے تھے کہ راستے میں مسلح دہشت گردوں نے ان کی گاڑی کو روک لیا اور انہیں اسلحہ کے زور پر سنگین نتائج کی دھمکیاں دیں۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ زاہد ملک کو مسلح افراد کی جانب سے دھمکیاں دینا بزدلانہ عمل ہے اور اس میں وہی عناصر ملوث ہیں جو ایم کیو ایم کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کے فروغ سے خوفزدہ ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک اور وزیراعلیٰ پنجاب شہباز شریف سے مطالبہ کیا کہ ایم کیو ایم راولپنڈی زون کے زونل انچارج زاہد ملک کو مسلح دہشت گردوں کی جانب سے سنگین نتائج کی دھمکیاں دینے کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کر کے سخت سزا دی جائے۔

## ایم کیو ایم لاہور زون کے ذمہ داران وکارکنان عید پر شہدا کے گھروں میں جائیں گے سیلاب زدگان کیلئے امدادی کیمپ عید پر بھی کھلا رہے گا
## کہیں لاشیں بکھری ہیں اور کہیں سیلاب زدگان کھلے آسمان تلے لاوارث پڑے ہیں ایسے میں بھائی چارے کی اشد ضرورت ہے۔

لاہور۔۔۔10، ستمبر، 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ لاہور زون کے ذمہ داران وکارکنان عید پر ماہ رمضان میں خود کش حملوں میں شہید ہونے والے اور اس سے قبل داتا دربار اور کربلا گامے شاہ کے سانحہ میں شہید ہونے والوں کے گھروں میں جاکر ان سے ملیں گے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے استحکام پاکستان اور دہشت گردی کی مذمت کے ساتھ قومی یکجہتی کا پیغام پہنچائیں گے ایم کیو ایم کے ذمہ داران وکارکنان اپنے اپنے علاقوں میں شہداء کے گھروں میں جائیں۔ زونل سیکرٹری اطلاعات ڈاکٹر افتخار حسین بخاری نے آج ایم کیو ایم زونل آفس سے بیان جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان دہشت گردی اور قدرتی آفات کی زد میں ہے کہیں لاشیں بکھری ہوئی ہیں اور کہیں سیلاب زدہ خاندان کھلے آسمانوں تلے لاوارث پڑے ہیں تو اس موقع پر بھائی چارہ کے جذبے اور قومیت کا ثبوت دیتے ہوئے ہمیں پاکستان کے مستقبل میں جھانکنا چاہیے اور نظام کی تبدیلی کے لئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ پر غور کرنا چاہیے، انہوں نے مزید کہا ہے کہ عید کے دنوں میں بھی لبرٹی لاہور میں ایم کیو ایم کی جانب سے قائم شدہ سیلاب زدگان کی مدد کیلئے امدادی کیمپ کھلا رہے گا۔

## کوٹلی میں مسافر بس کے کھائی میں گرنے کے المناک حادثہ میں متعدد افراد کے جاں بحق اورزخمی ہونے پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔10ستمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کوٹلی میں ساردا کے مقام پر مسافر بس کے کھائی میں گرنے کے المناک حادثے کے نتیجے میں متعدد افراد کے جاں بحق اورزخمی ہونے پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے جاں بحق ہونے والے افراد کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق ہونے والے افراد کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے،سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے اورزخمی افراد کوجلدو مکمل صحت یابی عطا فرمائے۔(آمین)

## برطانیہ میں ایم کیوایم کے فلاحی ادارے سوسائٹی فورانویل اینڈ نیڈی(SUN) کے رضا کاروں نے
## پاکستان کے سیلاب زدگان کی امداد کیلئے لندن کی مرکزی ریجنٹ پارک مسجد کے باہر عطیات جمع کئے
## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، یوکے یونٹ کے ذمہ داروں اورکارکنوں نے بھی عطیات جمع کرنے میں حصہ لیا

لندن۔۔۔ 10 ستمبر2010ء

برطانیہ میں ایم کیوایم کے فلاحی ادارے سوسائٹی فورانویل اینڈ نیڈی (SUN) کے رضا کاروں نے پاکستان کے سیلاب زدگان کی امداد کیلئے عیدالفطر کی نماز کے موقع پرلندن کی مرکزی ریجنٹ پارک مسجد کے باہر عطیات جمع کئے ۔سن کے رضا کاروں کے ساتھ ساتھ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، یوکے یونٹ کے ذمہ داروں اورکارکنوں نے بھی عطیات جمع کرنے میں حصہ لیا۔اس موقع پرنمازوں نے سیلاب زدگان کیلئے بڑی تعداد میں عطیات دیے اورسیلاب زدگان سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔

☆☆☆☆☆